علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
کلیہ عربی و علوم اسلامیہ
(شعبہ قرآن و تفسیر)

وارننگ

عزیز طلبہ!

آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کرکے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی ''مواد کی چوری'' Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس کا نام:۔ فہمِ قرآن-II(9490) سمسٹر: خزاں 2026ء

سطح: بی۔ایس علوم اسلامیہ (تخصص قرآن و تفسیر)

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

1. تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2. سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔
3. ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) امتحانی مشقیں قبول کی جائیں گی۔
4. ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
5. مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کا ذمہ دار طالبِ علم ہی ہوگا۔
6. آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7. غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

امتحانی مشق نمبر 1

سوال نمبر 1۔ سورۃ النور کی آیتِ نور (آیت 35) کا ترجمہ لکھیے اور اس میں بیان کردہ نورِ الٰہی کی مراد اور مثال کی توضیح کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 2۔ سورۃ النور کی آیات 35 تا 40 کی روشنی میں قبولِ حق کے سلسلے میں انسانوں کے مختلف کردار اور ان کی مثالیں تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 3۔ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تعامل میں مسلمانوں اور منافقین کے کردار میں فرق سورۃ النور کی روشنی میں بیان کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 4۔ سورۃ النور میں مسلمانوں سے کیے گئے خلافتِ ارضی کے وعدۂ الٰہی کی وضاحت کیجیے اور اس کی شرائط اور تقاضے تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 5۔ سورۃ النور (آیات 35–64) میں بیان کردہ آدابِ معاشرت (دوسروں کے گھروں میں داخلہ، باہمی کھانے پینے کے آداب) اور دربارِ رسالت کے حقوق تحریر کیجیے۔ (20)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

امتحانی مشق نمبر 2

سوال نمبر 1۔ سورۃ یٰسٓ کی آیات 1 تا 10 کا ترجمہ لکھیے اور ان کی روشنی میں رسالتِ محمدی ﷺ پر قرآن مجید کی گواہی اور منکرین کو دیے گئے پیغام کی توضیح کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 2۔ سورۃ یٰسٓ میں مذکور بستی کی مثال تفصیل سے بیان کیجیے اور رسولوں کے ساتھ لوگوں کے تعامل سے حاصل ہونے والے رہنمائے اصول تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 3۔ سورۃ یٰسٓ (آیات 45–83) کی روشنی میں قیامت کی تصویر، منکرینِ آخرت کی کیفیت اور اختتامِ سورت کے مضامین (توحید، علاماتِ قیامت اور نبی کریم ﷺ کو تسلی) بیان کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 4۔ سورۃ الملک کی ابتدائی پانچ آیات کا ترجمہ لکھیے اور ان کی روشنی میں اللہ تعالیٰ کے اختیارِ کلی، مقصدِ تخلیقِ کائنات اور مشاہدۂ کائنات کی دعوت پر نوٹ لکھیے۔ (20)

سوال نمبر 5۔ سورۃ الملک کی روشنی میں کفار کے انجام، مومنین کے انعام اور زمین پر اللہ تعالیٰ کی ربوبیت کے آثار سے حاصل ہونے والی ہدایات تحریر کیجیے۔ (20)